© rasailojaraid.com



حُرمت کے لیے ضروری ہیں۔ خاص کر آخری شرط کہ اُس وقت اُن اشیا کی قلت مارکیٹ میں موجود ہو اور اِن کے ذخیرہ کرنے سے اُس قلت میں اور اضافہ ہو جائے گا۔

ویسے بھی کاشت کار کا اناج ذخیرہ کرنا یا فیکٹری والے کا خریدی ہوئی اجناس پر اسس کرنا وغیرہ معمول کے کام ہیں جو عموم البلوٰی کے ضمن میں آجاتے ہیں اور شارع کی رخصتیں عموم البلوٰی کے بارے میں موجود ہیں۔ علامہ ابن نجیم نے اپنی مشہور تصنیف الاشباہ والنظائر میں عموم البلوٰی کی وجہ سے شرعی رخصتوں کی بڑی تعداد بتائی ہے۔

سوال میں مذکورہ صورتیں ناجائز ذخیرہ اندوزی‘ یعنی احتکار کے زمرے میں نہیں آتی ہیں۔ اس لیے کہ اِس قسم کے عمل سے نہ تو بازار میں اُن اشیا کی قلت پیدا ہو جاتی ہے اور نہ اِس باعث اِن اشیا کے نرخ ہی بڑھ جاتے ہیں۔ اس لیے ان صورتوں کو حرام اور ممنوع قرار نہیں دیا جاسکتا۔ (ف - ر)

## مصنوعی پلکوں اور کانٹیکٹ لینز کا استعمال

س: میں نے سنا ہے کہ بالوں میں بال لگانا جائز نہیں ہے۔ کیا پلکوں میں نقلی پلکیں لگانا صحیح ہے یا نہیں‘ کیونکہ دلہن کے میک اپ میں یہ بہت اہم چیز ہوتی ہے؟

کانٹیکٹ لینز کے ساتھ وضو کرنے کے بارے میں بھی بتایئے۔ کیا انھیں اُتار کر وضو کرنا چاہیے؟

ج: پلکوں میں جوڑ لگانے اور بالوں میں جوڑ لگانے میں کوئی بنیادی فرق نہیں ہے اور یہ حدیث کی واضح خلاف ورزی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جو حسن و توازن خود بنایا ہے اسی میں انسان کے لیے زیادہ فائدہ ہے۔ اگر کانٹیکٹ لینز لگانے ضروری ہیں‘ تو انھیں لگانے سے قبل وضو کر لیجیے اور پھر ۲۴ گھنٹے تک ان کے نکالنے کی ضرورت نہیں۔ طبی طور پر بھی ان کو سوتے میں لگانے سے منع کیا جاتا ہے اور عام طور پر سونے سے قبل انھیں نکال کر مخصوص ڈبیہ میں محفوظ کر لیا جاتا ہے۔ (ا - ا)

---

آزاد کشمیر میں ترجمان القرآن حاصل کیجیے

☆ فروغ اسلام نیوز ایجنسی‘ ڈاک خانہ چڑالہ‘ تحصیل دھیرکوٹ‘ ضلع باغ۔ ☆ الحیات بک ڈپو‘ سیراڑلی بازار‘ ہجیرہ‘ ضلع پونچھ۔ ☆ فرینڈز سٹیشنری اینڈ بک سٹال‘ مقام وڈاک خانہ ہوراڑ‘ ضلع پونچھ۔ ☆ مسٹر بکس‘ کچہری چوک‘ راولاکوٹ‘ ضلع پونچھ۔ ☆ کشمیر بک ڈپو‘ مقام وڈاک خانہ منگ‘ تحصیل سندھوئی۔ ☆ شاہد بک ڈپو‘ سیکٹر نمبر ۳‘ ڈڈیال‘ میرپور۔ ☆ علی بکس‘ مقام وڈاک خانہ مجاہد آباد‘ تحصیل راولاکوٹ

© rasailojaraid.com